79345 ـ كيا صبح اور فجر كى نماز ميں كوئى فرق ہے ؟

سوال

فجر اور صبح كى نماز ميں كيا فرق ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

نماز فجر ہى صبح كى نماز ہے، اور ان ميں كوئى فرق نہيں، اس نماز كى دو ركعات فرض، اور فرضوں سے قبل دو سنتيں ہيں، جنہيں سنت يا صبح كى سنتيں يا فجر كى دو ركعت كہا جاتا ہے، اس كا وقت طلوع فجر صادق سے ليكر طلوع آفتاب تك ہے.

سنت نبويہ ميں اس كا اطلاق صبح كى نماز اور نماز فجر كے نام سے ہوا ہے، اس كى دليل درج ذيل حديث ہے:

امام مسلم رحمہ اللہ تعالى نے عبد الرحمن بن ابى عمرہ سے بيان كيا ہے كہ عثمان بن عفان نماز مغرب كے بعد مسجد ميں تشريف لائے اور آ كر اكيلے بيٹھ گئے، تو ميں بھى ان كے پاس جا كر بيٹھ گيا اور عرض كي: ميرے چچا كے بيٹے ميں نے رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا يہ فرماتے ہوئے سنا تھا:

" جس نے نماز عشاء باجماعت ادا كى گويا كہ اس نے نصف رات كا قيام كيا،اور جس نے صبح كى نماز باجماعت ادا كى گويا كہ اس نے سارى رات قيام كيا "

صحيح مسلم حديث نمبر (656).

ابو ہريرہ رضى اللہ تعالى عنہ بيان كرتے ہيں كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" جب تم ميں كوئى ايك شخص غروب آفتاب سے قبل نماز عصر ميں سے ايك سجدہ پالے تو وہ اپنى نماز مكمل كرے، اور جب صبح كى نماز ميں سے طلوع آفتاب سے قبل ايك سجدہ پالے تو وہ اپنى نماز مكمل كرے "

صحيح بخارى حديث نمبر (556) صحيح مسلم حديث نمبر (608).

اور سنت ميں نماز فجر كے نام كى دليل درج ذيل حديث ہے:

جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز ادا کر لیتے تو اچھی طرح طلوع آفتاب تك اپنی نماز والی جگہ پر ہی بیٹھے رہتے "

صحیح مسلم حدیث نمبر (670).

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز نماز فجر میں الم تنزیل السجدہ اور ھل اتی علی الانسان حین من الدھر کی تلاوت کیا کرتے تھے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (891) صحیح مسلم حدیث نمبر (880).

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" تم میں رات اور دن کے فرشتے باری باری آتے ہیں، اور وہ نماز فجر اور نماز عصر میں جمع ہوتے ہیں، پھر جنہوں نے تمہارے ساتھ رات بسر کی ہوتی ہے وہ اوپر چڑھتے ہیں تو اللہ انہیں سوال کرتا ہے حالانکہ وہ ان سے زیادہ علم رکھتا ہے، کہ تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ؟

تو فرشتے جواب دیتے ہیں: ہم نے انہیں چھوڑا تو وہ نماز ادا کر رہے تھے اور ان کے پاس گئے تو بھی وہ نماز ادا کر رہے تھے "

صحیح بخاری حدیث نمبر (555) صحیح مسلم حدیث نمبر (632).

نماز فجر (اور نماز صبح) کا وقت معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (65910) اور (26763) اور فجر کی سنتوں کی مزید تفصیل معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (65746) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .